Munsif 28-6-2020

# اُردو یونیورسٹی کے پیشہ ورانہ کورسس میں داخلے جاری' 10 جولائی آخری تاریخ

حیدرآباد۔ 27/جون (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں تعلیمی سال 2020-21 کیلئے پروفیشنل اور تکنیکی کورسز جیسے بی ٹیک، ایم ٹیک، ایم بی اے، ایم سی اے، بی ایڈ، ایم ایڈ، ڈی ایل ایڈ اور پالی ٹیکنک ڈپلومہ میں 10/جولائی تک داخلوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ یونیورسٹی میں مختلف اسکولوں کے تحت پروفیشنل تعلیم دی جاتی ہے۔ یہاں کے کئی طلبہ کو کیمپس پلیسمنٹ کے ذریعہ نوکریاں حاصل ہوتی ہیں۔ یہاں پر قابل اسٹاف، بہترین انفراسٹرکچر، اسمارٹ کلاس رومس، آڈیٹوریمس اور زائد نصابی سرگرمیاں جیسے کھیل کود، فنون لطیفہ کی تربیت کا بھی نظم ہے۔ دیگر کورسز میں پی ایچ ڈی (اردو، انگریزی، ہندی، عربی، فارسی، مطالعات ترجمہ؛ مطالعات نسواں، نظم ونسق عامہ، سیاسیات، سوشل ورک، اسلامک اسٹڈیز، تاریخ، معاشیات، سماجیات، تعلیم' صحافت وترسیل عامہ' مینجمنٹ، کامرس' ریاضی، طبیعات، کیمیا، نباتیات، حیوانیات' کمپیوٹر سائنس، ایس ای آئی پی) پروگراموں میں بھی انٹرنس کے ذریعہ داخلے دستیاب ہیں۔ آن لائن درخواست داخل کرنے کی آخری تاریخ 10 /جولائی تک بڑھا دی گئی ہے۔ درخواستیں یونیورسٹی ویب سائٹ manuu.edu.in پر صرف آن لائن ہی قبول کی جائیں گی۔ پالی ٹیکنک ڈپلومہ کورسز میں سیول انجینئرنگ، کمپیوٹر سائنس انجینئرنگ، الیکٹرانکس اینڈ کمیونی کیشن انجینئرنگ، انفارمیشن ٹکنالوجی، میکانیکل، الیکٹریکل والیکٹرانکس انجینئرنگ شامل ہیں۔ یونیورسٹی ہیڈ کوارٹر حیدرآباد کے علاوہ بی ایڈ کورس یونیورسٹی کے کالجز آف ٹیچر ایجوکیشن واقع بھوپال، دربھنگہ، اورنگ آباد، آسنسول، سنبھل، نوح، بیدر پر دستیاب ہیں جبکہ ایم ایڈ اور پی ایچ ڈی (ایجوکیشن) میں داخلے صرف حیدرآباد، بھوپال اور دربھنگہ میں دیئے جارہے ہیں۔ تفصیلات یا کسی وضاحت کیلئے نظامت داخلہ کو admissionsregular@manuu.edu.in پر ای میل کریں۔ ایسے کورسز جن میں داخلہ میرٹ کی اساس پر دیا جارہا ہے ان کی آخری تاریخ 10 اگست مقرر ہے۔